## سوال

(28) رمضان مبارک کے مہینے میں چوبیس کلاک کا روزہ رکھنا درست ہے یا نہیں ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

رمضان مبارک کے مہینے میں چوبیس کلاک کا روزہ رکھنا درست ہے یا نہیں؟ اس کی تفصیل یہ ہے کہ مغرب کے بعد کھانا کھاتے ہیں، اور سوجاتے ہیں، سحری کرتے نہیں صبح کو کام کاج کرتے ہیں، اور روزہ دار کے موافق رہتے ہیں۔ مغرب ہو تو پھر کھانا کھاتے ہیں۔ ایسے بھوکے رہنے سے روزہ ہوتا ہے یا نہیں؟ (میاں حسین پٹیل)

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

ایسے لوگ اگر روزہ کی نیت نہ کرے، اس کا روزہ نہیں ہوگا۔ (۲۲ ذی قعدہ ۳۹ھ)

شرفیہ:

سحری نہ کھانا حدیث نبوی ((تسحروا فان فی السحور برکة)) اور حدیث ((فصل ما بین صیامنا وصیام اھل الکتاب اکلة السحر)) رواہ مسلم کے خلاف ہے۔ ۱۲ (ابوسعید شرف الدین دہلوی) (فتاویٰ ثنائیہ جلد، ص ۴۳۱)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 06 ص 104